© rasailojaraid.com



فرض انہوں نے انجام دیا ہے، حالانکہ اس جماعت کا دامن بھی بے داغ نہیں ہے۔ ہمارا خیال یہ ہے کہ اس قسم کی جانب دارانہ تحریروں سے کسی فائدہ کی توقع نہیں کی جا سکتی بلکہ مضرت میں کچھ اور اضافہ ہو جانے کا اندیشہ ہے۔

**الفرقان مجدد الف ثانی نمبر** | مرتبہ جناب مولانا محمد منظور صاحب نعمانی۔ ضخامت ۴۰۸ صفحات۔ قیمت قسم اول عیر، قسم دوم عہ۔ دفتر الفرقان بریلی سے مل سکتا ہے۔

جریدہ الفرقان نے پہلے ایک خاص نمبر مولانا اسمٰعیل شہید کی سیرت پر شائع کیا تھا جس کو ہر طرف سے خراج تحسین ادا کیا گیا۔ اب یہ دوسرا خاص نمبر ہندوستان کے اس مجاہد کبیر کی سیرت پر شائع کیا گیا ہے جس نے دورِ اکبری کے طوفانِ جاہلیت کے خلاف علمِ جہاد بلند کیا اور بالآخر طوفان کا منہ پھیر کر ہی دم لیا۔ حضرت شیخ احمد مجدد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ تاریخ اسلام کی ان چند شخصیتوں میں سے ہیں جن کو بجا طور پر "مجدد" کا جلیل القدر خطاب دیا گیا ہے۔ اور ان کے کارناموں کی یاد تازہ کرنے کے لیے اگر کوئی وقت موزوں ترین ہے تو وہ یہی وقت ہے جس سے ہم اب گذر رہے ہیں، کیونکہ جس فتنہ کے خلاف انہوں نے جہاد کیا تھا، اُسی نوعیت کا فتنہ آج پھر ہندوستان میں اٹھا ہے اور اسی شان سے اٹھا ہے کہ ایک طرف اس کے ہاتھ میں سیاسی حربے ہیں اور دوسری طرف اس کے جلو میں جُبّہ و دستار بھی ہیں۔ مولانا محمد منظور صاحب اس خدمت کے لیے تمام مسلمانوں کے شکریہ کے مستحق ہیں اور ضرورت ہے کہ بکثرت لوگ اس خاص نمبر کا مطالعہ کر کے اس سے بصیرت حاصل کریں۔ خصوصیت کے ساتھ جناب مولانا مناظر احسن صاحب گیلانی کا مضمون "الف ثانی کا تجدیدی کارنامہ" تو اس قابل ہے کہ اسے علیحدہ کتابی صورت میں شائع کیا جائے اور ہزاروں کی تعداد میں پھیلایا جائے۔

**رسالہ "برہان" ماہوار** | مرتبہ جناب مولوی سعید احمد صاحب اکبرآبادی ایم اے، فاضل دیوبند۔ چندہ سالانہ پانچ روپیہ۔ ملنے کا پتہ۔ قرول باغ، نئی دہلی۔

دہلی میں "ندوۃ المصنفین" کے نام سے ایک جدید علمی مجلس کی بنیاد ڈالی گئی ہے جس کا مقصد دورِ جدید میں اسلام کی صحیح نمائندگی کرنا اور اسلام کے اصول و قوانین کو جدید طرز پر مرتب و مدوّن کرنا اور ان غلط فہمیوں کو

© rasailojaraid.com